حصہ الف (کثیر انتخابی سوالات)

سوال نمبر 1 مندرجہ ذیل میں سے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

(۱) نعت میں توصیف کی جاتی ہے۔
(ا) اللہ تعالیٰ کی (ب) رسول اکرم ﷺ کی (ج) انبیاء کرام علیہم السلام کی (د) صحابہ کرامؓ کی

(۲) کسی مرنے والے کی یاد میں کہی گئی نظم کہلاتی ہے۔
(ا) مرثیہ (ب) غزل (ج) مناجات (د) مطلع

(۳) اس نظم میں لفظ مشاعرہ سے مراد ہے۔
(ا) شعر سنانے کی محفل (ب) کرکٹ کا کھیل (ج) صرف تفریح (د) صرف مصروفیت

(۴) بارش میں تیار ہوتے ہیں۔
(ا) پھل (ب) پھول (ج) پکوان (د) لباس

(۵) اہل عرب کو امیر حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اس خوبی پر ناز تھا۔
(ا) خوش اخلاقی (ب) شان و شوکت (ج) طاقت (د) رحم دلی

(۶) اس دنیا کی ہر چیز قائم ہے۔
(ا) تدبیر سے (ب) تکبیر سے (ج) زنجیر سے (د) تقدیر سے

(۷) ہم صدقے ہونے کو تیار ہیں۔
(ا) استاد (ب) ماں باپ (ج) ساہوکار (د) دوست

(۸) سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے صاحبزادے کا نام تھا۔
(ا) قیس (ب) خالد (ج) عمر (د) ابوقتادہ

(۹) نام دیو تھا ایک ------
(ا) باورچی (ب) مالی (ج) چوکیدار (د) وکیل

(۱۰) مصنف کی وضع قطع میں کوئی علامت موجود نہیں تھی۔
(ا) ڈپٹی کمشنر کی (ب) ڈپٹی ڈائریکٹر کی (ج) ڈپٹی سیکریٹری کی (د) ڈپٹی کنٹرولر کی

(۱۱) برطانیہ کی لائبریری میں کتابیں موجود ہیں۔
(ا) 50 لاکھ (ب) 80 لاکھ (ج) 70 لاکھ (د) 60 لاکھ

(۱۲) لفظ آتش کے لغوی معنی ہیں۔
(ا) پیاسا (ب) تسلی دینے والا (ج) عیاری (د) آگ

(۱۳) حروف و حرکات کا مجموعہ جو شعر میں ردیف سے پہلے آئے، کہلاتا ہے۔
(ا) تخلص (ب) قافیہ (ج) مطلع (د) مقطع

(۱۴) علم و حکمت کے لیے انسان کو ہونا چاہیے۔
(ا) پاک طبیعت (ب) پاک حکمت (ج) پاک طینت (د) پاک صورت

(۱۵) کسی ایک چیز کو دوسرے کی مانند قرار دینا کہلاتا ہے۔
(ا) مبالغہ (ب) کنایہ (ج) تشبیہ (د) تلمیح